نہ حال و قال کی بکری نہ مین نہ تو کا چلن
نہ وصل و ہجر یہان راز چل نکل گستاخ



غزل

ردیف (د)

سفر سے گھر کو چلے ہیں اور رہنما فریاد نہ گھر کا نقشہ نظر میں نہ ہے وطن کی یاد
غلط کہ بندگیِ سروِ قد ہے آزادی جو اپنا آپ بنا بندہ ہے وہی آزاد
نہ غم نہ درد نہ حسرت نہ آرزو نہ طلب اُجڑ گیا تو کیا اُس نے گھر کو پھر آباد
وہ درد درد نہیں ہے جو دل کی ہو دارو وہ غم نہیں کہ رہے جس سے دل ہمیشہ شاد
مدارِ علم و ہنر ہوں مگر لکھا نہ پڑھا میں اپنا آپ ہوں شاگرد اپنا آپ اُستاد
شکستِ دل ہی نے پیوند یار سے جوڑا رکھا تھا حیف مجھے اس بناؤ نے برباد
تھی جوے شیر ترے دلمیں کوہِ تن کے تلے لگا تو پھوڑنے پتھر جنون میں اے فرہاد
تجھے ہے حلت و حرمت کا علم اے بسمل حلال ہے یہ تڑپنا حرام ہے فریاد

یہ سب ہیں پتلے طلسمی نچا رہا کوئی
اُسی سے راز ہے فریاد اُسی سے چاہے داد



غزل

ہے تیغ بکف قتل گہ عشق مین جلاد
بے چون و چرا سر کو کٹا داد نہ فریاد

بے کار ہے یہ قصۂ دارا و سکندر
شیرین کی زبان سے ہو بیان قصۂ فرہاد

پسکر سر رہ بوسہ کف پا کا لیا ہے
برباد مین اس راہ مین ہو کر ہوا آباد

شرمندہ ہین اس باغ میں اے قامت بالا
برپا ہے قیامت سر سرو و سر شمشاد

جل جائے جگر آگ لگے دل کو کٹے سر
اور گھر بھی لٹے اُف نکرو اُنکا ہے ارشاد

زنجیر گلے مین ہے تو پابند ہی رہنا
کٹ جائے جو زنجیر تو پھر کفر نہ الحاد

گر ہے دل سالم تو لیا حشر کا سودا
آتا نہین ہے کام وہان مال نہ اولاد

بے سود بنانے مین کٹی عمر ہماری
دُنیا جسے کہتے ہین وہ ہے جنت شداد

ہے آنکھ کھلی لب پہ ہنسی چہرہ ہے بشاش
سوئے نہ مرے دھوکا ہے یہ راز ہیں اُستاد



ردیف (ڈ)

غزل

پیو جا ہے سو سہاگن باقی جتنی سب ہین رانڈ | پیوا پنا آپ ہے تو سارا عالم جا کے چھانڈ
تلخ ہو جائیگا مُنہ شربت نہ دینا نزع مین | گھُل رہی ہے نام احمدؐ کی دہن مین بیگر کھانڈ
کیسے کیسے روپ بدلے کیسے کیسے رنگ لاے | خود تماشائی ہون مین اور خود تماشا بنکے بھانڈ
ہون ضعیف و ناتوان تائید تیری چاہیئے | حملہ آور نفس ہے مجھپر خدایا بنکے سانڈ
رزم گاہِ عشق ہے اور ہین مقابل عقل و ہوش | ننگ و عزت جنگ کا باجے چلے جاتے ہیں بیانڈ

تلخیِ سکرات مین کام و زبان شیرین ہوے
رازؔ کے مُنہ مین مگر اس نام نے رکھدی ہے کھانڈ



غزل

ردیف (ذ)

یہ خون دل ہے مرا یا کہ ہے شراب نبیذ
مرا جگر ہے یہ یا ہے کباب عجل حنیذ

چلیگا اُنپہ مری چشم ناز کا جادو
کریگا اُن کو مسخر نیاز کا تعویذ

مری خمیر ہے عصیان سے اور نسیان سے
خلف ہون باپ کا مین اور باپ کا تلمیذ

بسا ہے دل مین اگر دیوزشت ما ومنی
خیال یار ہے اس دیوزشت کا تعویذ

اگر چکھا ہے تو جانے گا درد کی لذّت
نہین خدا کی قسم ایسی کوئی چیز لذیذ

اگر نیاز نہین بد مزا تنجن ہے
نیازمندی سے بنجاتی ہے پیاز لذیذ

چُھری تھی کند جو وہ غرق عرق ہوگئے راز
کہان تھی اُن کو تجلّد مین فرصت تشحیذ

غزل

ردیف (ر)

شیشۂ دل مین ترے وہ مے بھری ہے بادہ خوار
سر پہ چڑھ کر پھر نہ اُترے تا ابد جس کا خمار

جس کی تجھکو ہے طلب مرتا ہے جسپر جان سے
تو تو ہے تیرے سوا تیرا نہین ہے کوئی یار

بس ہے مجھکو میرا جلوہ بس ہے مجھکو میرا حسن
بس ہے مجھکو میرا درشن بس ہے مجھکو میرا پیار

تونے رستم کو پچھاڑا شیر کو مارا تو کیا
مرد وہ ہے جس نے خود کو کرلیا ہے خود شکار

آپ اپنا بُت ہون مَین دیدار مین اپنے فنا
آپ اپنا ہون پجاری آپ اپنا ہون نثار

گر تجھے رونا ہی ہے روزار زار اپنے لئے
پر نہ رونا غیر کی خاطر کبھی با حال زار

کیا سنبھالون کیا بچاؤن کیا چھپاؤن راز کو
جام پر وہ جام دیتا جارہا ہے بار بار

غزل

ہوا اِدھر یا کہ اُدھر میرا ہے جلوہ ناظر
حق تو یہ ہے کہ مَین مومن ہون نہ مَین ہون کافر

نام ہے حضرت تنزیہہ مین قادر میرا
کہتے ہین حضرت تشبیہہ مین عبدالقادر

کیا کرون کس سے کہون کون چھپائیگا اسے
دار پر بھی تو لگا چیخنے وہ واقفِ سر

گھُل تُو ایسا کہ نمک جیسا گھُلے پانی میں
ذکر یہ ہے کہ ہو مذکور مین فانی ذاکر

عمر بیکار کسی بُت کی پرستش مین کٹی
خود پرستی سے بنا کام ہمارا آخر

اُس کو تو پایا نہین خود کو مگر کھو بیٹھا
وہ بھی گم مین بھی ہون گم بات تو یہ ہے نادر

اِس نے بُت کو کیا سجدہ تو خُدا کو اُس نے
راز مقبل ہے کسی کا نہ کسی کا منکر

غزل

سلسلہ باندھا رہے دیتے چلو ٹوٹے نہ تار
کچھ سرور آیا ہے اب کو سوا ہے، دور اب بھی خمار

گرم ہے بازار اُن کا مین نہیں تو کیا ہوا
کل تو تھے خوش آج کیون وہ رو رہے ہین زار زار

ہے تحیر کچھ سمجھ مین میری آتا ہی نہیں
دل مین میرے بیٹھے ہین اور دل مرا ہے بیقرار

دشت پیرا یار مجنون کوہ کن فرہاد ہون
پھر مین شیرین لب سیہ زلفون کا اپنے ہون شکار

دی سگِ درگہ کو دعوت گھر مین ہے کیا شرم ہے
دل نکل کر بھگیا مثلِ جگر با چشم زار

دفن کر دو صرف جتلا کر کہ ہے اُن کا غلام
بتکدہ ہو میکدہ ہو پھر ہون مین اور کوے یار

روسیہ ہے راز پر کل کام دیگا یا نبیؐ
تیری امت کے لئے یہ چشم بد کا ہے حصار

غزل

دردِ دل سوزِ جگر دونون ہین میرے یارِ غار ۔ ذلت و خواری ہے میری آبرو و عزت و قار
آنکھ مین صورت ہے اُنکی کان مین آواز ہے ۔ اور خدنگِ ناز سے دل چھد رہا ہے باربار
عارضِ تابان مین دل تھا زلف پیچان مین پھنسا ۔ پیچ و تابِ کفر و ایمان مین کٹے لیل و نہار
گھر اُجڑنے سے ہوا آباد نادر بات ہے ۔ در حقیقت ہے خزان اس باغ مین عین بہار
بن نہین یا تو نہین اتنا پتہ مجھکو ملا ۔ گھر کے مالک جب ہون دو بنتے نہین ہین کاروبار
دنہ دو سے زائد اس عالم کا ہے اک کارساز ۔ ایک ہے جب دائرہ تو ایک ہے اُسکا مدار
ب ہی مرکز پہ کھینچ سکتے ہین صدہا دائرے ۔ دائرہ ہو ایک مرکز دو محال اے بدشعار
مجھ مین وہ ہین اُن مین مین ہون گر نہین باور تجھے ۔ آئینے باہم دور رکھکر دیکھ لے اے ہوشیار

بات کی دیکھا بھی رُخ رشکِ دلِ موسیٰ بنا
تھی سیہ کاری تری معراجِ رازِ جرم کار



غزل

چتون بانکی آنکھین خماری ابروکٹاری زلف گرہ دار
رب کے پیارے سب سے نرالے فخر رسل دوجگ کے سردار
بھیس بدلکر پردیس گئی نگری نگری چکر ماری
اوری سہیلی دیکھ اچنبھا مین جو گھر آئی گھر مین تھا یار
دل ہی مین آکر رہ گئے سارے ترچھی نظر کے پیکان تیرے
او تیر و کمان والے صیاد اک تیر تو کردے دل کے پار
کیا آنکھ لگے کیا چین پڑے کیا خاک ٹیکگا سونا وان
گور مین بھی کالی ناگن جب ڈستی رہے گی یون ہی ہربار
ڈھونڈتے کیا ہو راز کو ہر سو دل مین دیکھو دل مین دیکھو
یار بسے ہے دل مین تمہارے دلپر کردو جان کو نثار



ردیف (ڑ)

غزل

کوڑا کرکٹ پات پتے پھر گرینگے گھر کا جھاڑ
جھاڑا جھوڑی عمر بھر جڑ پیڑ سے اسکو اکھاڑ

وہ نہین آتا جہان ہو غیر جن مین تو بھی ہے
اس خس و خاشاک کو پہلے تو اپنے دل سے جھاڑ

راہ مین تیری رکاوٹ کچھ نہین تیرے سوا
سدِّ اسکندر بنا ہے تیری ہستی کا پہاڑ

پہلوانان جہان پر برتری گر چاہئے
نفس کو پہلے تو اپنے اس اکھاڑے مین پچھاڑ

ہین درخت سایہ ور پہلے ہوئے پست و بلند
سر پہ ہے خورشید سایہ دے تو تڑ وڑ یا تو تاڑ

دل مین تیرے تو ہے یار رہتا ہے کوئی دوسرا
دل کی باتین تیرے قابو کی ہین کیا جا سوچ تاڑ

گھر میں بیٹھا ہے تو کیا بارش بڑی ہے زور کی
در دریچے بند کر دے راز آتی ہے بوچھاڑ

غزل

ردیف (ز)

ہے اُن کو دونون جہان سے عزیز میرا نیاز
کہ دیکھتے ہین اس آئینے مین وہ صورت ناز

نہ کفر ہے نہ ہے ایمان نہ غم نہ شادی ہے
ہوئی ہے جیسے دو عالم کے اُس طرف پرواز

نظر تھی یا کہ تھی بجلی جسلا دیا مجھکو
یہی ہے بندہ نوازی جناب بندہ نواز

مقام خاک مین خورد و کلان کا ہے جھگڑا
مقام عشق مین کب ہے تمیز شاہ و ایاز

جلا کے راکھ اُڑا دی ہے عشق نے جب سے
بنا ہون شعلہ سراپا نہ سوز ہے نہ گداز

کیا ہے نغمۂ تارِ نفس نے مست مجھے
نہین ہے حاجت چنگ و رباب مطرب و ساز

شراب ناب پلاتی اگر نہ نرگس مست
تو ہوتا مین بھی نہ رسوا نہ فاش تیرا راز

غزل
ردیف (ش)

طور پر اڑتی نظر سے اُڑ گئے موسیٰ کے ہوش
چار چشمی ہے یہاں اور پھر وہی جوش و خروش

پردہ ہے رخ پر نہ گھونگٹ پھر نظر آتے نہیں
اُن کی یہ بے پردگی خود بنگئی ہے پردہ پوش

مَیں ہوں نے اور وہ ہیں نائی مجھ میں ہے کیا دم درود
قول اُن کا بات اُن کی شور اُن کا اُن کا جوش

نقطۂ وحدت مرادل کثرت اُس کی شان ہے
ہیں اسی نقطے کے مظہر دونوں عالم کے نقوش

شش جہت کے قید سے مردانہ جو آزاد ہے
لامکان گو گھر ہے اُسکا پر وہ ہے خانہ بدوش

ظلمت تن میں ترے تھا چشمۂ حیوان نہاں
تھی عبث تلاش تیری اے سکندر یاوہ کوش

رآز میں ہوں راز شنوا راز داں ہوں راز خواں
اب کسی کے بنگئے ہیں دل زبان اور چشم و گوش

غزل

ردیف (ص)

ہے لوح دل پہ مرے کندہ سورۃ الاخلاص
ازل سے پیش نظر ہے کسی کا جلوۂ خاص

رہا ہوا قفسِ تن سے قبل موت جو مَیں
ہوا ہوں خوف و رجا کے کند سے بھی خلاص

اگر طلب درِ مقصود کی ہے جاں سے گذر
ہلاک جان کا کہاں خوف رکھتے ہیں غوّاص

سُناؤں نغمۂ عشق و محبّت اُن کو اگر
تو ہر فرشتہ فلک کا ہو زہرۂ رقّاص

حجاب تھا تو مجھے امتیاز حاصل تھا
کھلا جو راز ممیّز عوام ہیں نہ خواص



غزل

نہیں ہے مجھکو کسی سے کسی طرح اعراض
کہ ذرّے ذرّے سے میرے بر آتے ہیں اغراض

عروق دل سے مرے درد کا تعلق ہے
تو نبض دست کو کیا دیکھتا ہے اے نبّاض

مری حیات ابد بس تری توجہ ہے
مری ممات کا ہے فیصلہ ترا اغماض

سوائے یاس کے مہلک نہیں ہے کوئی مرض
فراق گرچہ ہے عنوان دفتر امراض

بنایا خاک در میکدہ نے مس کو زر
ہوا ہے راز کہاں ناس زاہد مرتاض



غزل
ردیف (ط)

نہین ہے جس مین قطاع الطریق اے محتاط
وہ ہے شریعتِ غرّا کی مستقیم صراط

خدا کے فضل و کرم کی نظر ہے ہر شے پر
کہ حرف حرف نوشتہ ہے دلبر خطّاط

گذر تو جلد یہان سے کہ گھر مین ہے آرام
کہ یک شبینہ فقط رہنے کی ہے جائے رباط

وہان نہ درد نہ دُکھ ہے علاج ہے نہ دوا
وہان ضرورتِ لُقمان نہ حاجتِ بقراط

نہ دُور مین نہ وہ نزدیک ایک نسبت پر
ہین جُملہ نقطۂ مرکز سے دائرے کے نقاط

بغل مین رکھ کے فلک پر گئے وہ ڈھونڈھنے کو
بڑی چکر میں پڑے تھے ارسطو اور سقراط

ہو جو رفع تقابل نہ مَین نہ تو ہے نہ وہ
انا ہُو غیر تقابل ہے رازِ عین صراط

غزل
ردیف (ظ)

اگر ہے حلت و حرمت کا فیصلہ ملحوظ
نظر ہو لذت دیدار یار سے محظوظ

اوسی زبان و دہان سے کلام کون و مکان
زبان خلق سے ہوتے ہیں ہر زمان ملفوظ

نہ دیگا فائدہ منبر کا وعظ تجھکو کبھی
نہیں جو مرگ رفیقان سے دل ترا موعوظ

تو اپنی قوت و کوشش سے بچ نہیں سکتا
اگر نہ عصمت حق نے تجھے رکھا محفوظ

مقام وحدت محضہ ہے رازؔ محض انا
ترا ہے شرک وہان غیریت جو ہو ملحوظ



غزل
ردیف (ع)

ہوس تھی دیکھنے کی پر بصر کا تھا محل مانع
جوانِ ہاشمی ہی تھا حواسِ خمسہ کا جامع

مرے آنکھوں کی تھی بجلی گری جو طورِ پر اسدن
مرے دل کا تھا اک شعلہ طویٰ مین جو ہوا لامع

دوائے دردِ دل خونِ جگر پینا زلال آسا
مریض موت کو آبِ حیات اس تیغ کا نافع

مری ہی آبیاری سے یہ گلشن لہلہاتا ہے
چلون گر مین اُدھر تو ہوا دھر ہو کا سمان واقع

ہے دولت عافیت کی راز حاصل اسکو دارین
جو خود کی خود غذا بنکر ہوا سیمرغ سا قانع



غزل

ردیف (غ)

بغل مین ساقی کے ہے شیشہ ہاتھ مین ہے ایاغ
نہ لی نہ دی نہ بھری مست ہوگیا ہے دماغ

سُنائی دیتی ہے مُدت سے مجھکو ایک آواز
ہے کون کس کی کہان سے پتہ لگا نہ سُراغ

نظر مین ایک ضیا ہے زمین سے تا بفلک
خبر نہین ہے کہ کِس سمت جل رہا ہے چراغ

کھلے ہین لالہ و گُل بے شمار سینے مین
بہار مین ہے چلو آؤ دیکھو اپنا باغ

بلا ثبوت کہین راز چلتا ہے دعویٰ
کرینگے کام کسی دن مرے جگر کے داغ



غزل
ردیف (ف)

مجھ سے بولے کیوں رے مشرک بت کا کرتا ہے طواف
میں نے پوچھا بت ہے کیا شرما کے جی۔ توبہ معاف

مے بھی پی مستی بھی تھی مانا مگر سچی کہی
بات تھی پردے کی پر دعوی نہ تھا حق کے خلاف

یہ گل اور بوٹے بہار اور باغ میرا خواب ہے
کھول دوں آنکھیں تو ہوگا مطلع خورشید صاف

تھا خیال نور ادھر اور بت کی تھی صورت ادھر
بتکدے میں اب تو میں نے کر لیا ہے اعتکاف

واجب و ممکن ممیز ہیں تو راز اوصاف میں
وصف کھو کر دوسے یک ہوتا نہیں ہے انصاف



غزل

ردیف (ق)

وہ تیرے فضل و کمالات کا نہیں مشتاق
ترے نیاز کا ہے یار نازنین مشتاق

کر اپنے دل کی صفائی نہ کر صفاتن کو
کہ ہے اس آئینے کا حسن مہ جبیں مشتاق

دکھایا دل کا جو آئینہ ہو گئے ہیں قید
وہ میرے اتنے نہ تھے دل سے پیش ازیں مشتاق

سیاہ روئی میں تیری رکھا ہے کیا جادو
یہ کیسے نور کے پتلے بنے زمین مشتاق

ہے نیم جان ترا بسمل تڑپ رہا بے چین
مگر ہے تیر نظر کا دلِ حزین مشتاق

کھرل میں دل کے سویدائے دل کو پیسا ہے
سنا کہ سرمے کی ہے چشم نرگسین مشتاق

تری ادا کا خریدار رازؔ کا دل ہے
نہ مرتے اسپہ فرشتے نہ حور عین مشتاق

غزل

بلندی اور پستی مین نہیں کرتا ہون مین تفریق
مین مومن ہو کے پھر زندیق ہون زندیق ہون زندیق

گلایا دل کے ہوتے مین دو عالم کو تو حق نکلا
قسم حق کی یہی توحید ہے واللہ یہی تحقیق

نہین رکھتا سوا اپنے کسی کے پاؤن پر جو سر
حقیقی صاحبِ تحقیق ہے وہ صاحب توفیق

سیہ نامے سے میرے نور چمکا جس طرح بجلی
سیہ بادل سے نیک و بد کی جب دل سے مٹی تفریق

مُصفّا آئینہ تھا رازؔ کا اُس کی طرف تھا رُخ
ہوئی پر تو سے اُسکے صورتِ انسان کی تخلیق



غزل
ردیف (ک)

نہ بنتی اُنسے زمین اور نہ بنتے یہ افلاک
وہاں تمہاری ضرورت تھی صاحب لولاک

سریر عرش معلّیٰ ہے اُس کا خاص مقام
جھٹک دی جس نے یہاں اپنے تن کی مشتِ خاک

خوشا نصیب کہ آئیں ادھر بقصد شکار
چلیں تو سر ہو مرا بستۂ سر فتراک

تری عطا کی ہے حد بھی الہیٰ ہر ذرّہ
بدلتا رہتا ہے ہر دم نئی نئی پوشاک

لگا ہے رازؔ اُدھر دل اِدھر زبان حق ہے
صنم کو رکھ کے بغل میں پکارتا ایاک



ردیف (گ)

غزل

خیال شعلۂ رُخ نے لگادی گھر کو آگ
وہ کہہ رہے ہین مجھے چل نکل یہان سے بھاگ

گل ہی جائیگی دُنیا سُنا نہیں تو نے
یہہ بلغ باغ نہیں بلکہ ہے سراپا باگ

نڈاپا جسکے ہو پیچھے ہے وہ سہاگ ہی کیا
کفیل جسکا خدا ہو اُسے صدا ہے سہاگ

ہوا ہون نغمۂ چنگ و رباب سے بیزار
سُنا ہے جب سے کہ مین نے دل حزین کا راگ

کھو تو روشنئ دل سیاہ کاری سے
ڈسے گی قبر مین تجھکو یہہ بن کے کالا ناگ

اؤن تجھکو حقیقت جناں کی وہ کیا ہے
بہار و باغ رخِ جان جان کی مشتِ ساگ

نا کسی کے جنازے پہ رو رہے تھے کل
خدانخواستہ کیا اُن کو بھی کسی سے لاگ

سوار تجھپہ ترا نفس ہے کہ پایہ ہے رآز
سوار اسپہ ہے تو ہاتھ مین نہین ہے باگ



غزل

ردیف (ل)

کیا مین نے جس دن سے خود کو قبول
خدا بھی ملا اور محمدؐ کا رسول

مری ذات تخم اور زمین ہے خیال
دو عالم ہے گلبن یہ انسان ہے پھول

معمّا وہ ہوں میں مری بوجھ مین
ہین حیران دو عالم کے جملہ عقول

وہ ظالم ہوں جس کا لقب ہے ظلوم
وہ جاہل ہوں جس کا علم ہے جہول

یہ مرشد سے پوچھا کہ ہے یاد کیا
کہا خود کو بھول اور خدا کو بھی بھول

وہ ہے مرد جس نے کہ مرنے کے قبل
جہاں کو بنایا ہے کنجِ خمول

وہ جو ہے سو ہے غیر فہمی سے راز
رخِ خور پہ کب تک اُڑائیگا دھول

غزل

چلے چل سر کے بل اے دل حسابِ دوستان در دل
کڑی ہے گرچہ یہ منزل حسابِ دوستان در دل

نہ دیکھا اپنی ہمت کو نہ تولا میری طاقت کو
رکھی سینے پہ کیسی سل حسابِ دوستان در دل

مگر ہے موج ہے گرداب ہے طوفان پہ طوفان ہے
سمندر اس پہ لا ساحل حسابِ دوستان در دل

تقابل مہر کا یک قطرۂ شبنم سے کیونکر ہو
اسے آسان ہے ہر مشکل حسابِ دوستان در دل

ادا ہے ناز ہے اور وہ قیامت کی خرامش ہے
تُلا ہے قتل پر قاتل حسابِ دوستان در دل

جفا ہو جور ہو جو ہو سو ہو الطاف پر اُس کے
ہمیشہ دل رہے مائل حسابِ دوستان در دل

تمنّا ہے کہ بے پردہ جمالِ یار دیکھوں رازؔ
نہ ہو پھر دید بھی حائل حسابِ دوستان در دل

غزل

ردیف (م)

شکایت کا ہے موقع کیا حقیقت سے ہیں غافل ہم
ہیں اپنے آپ گھائل ہم ہیں اپنے آپ قائل ہم

یہ مشکل تر معمّا ہے کہ حافظ کون کس کا ہے
بغل میں اُسکو دابے رکھتے ہیں مثل حمائل ہم

کسی کو گر تمنّا ہے کہ دیکھے یار کا جلوہ
وہ جی بھر کر ہمیں دیکھے کہ ہیں اُسکی شمائل ہم

قیام اُس سے ہے میرا تو ظہور اُس کا ہے مجھ سے بھی
مَیں محتاج اور وہ مشتاق باہم ہیں مقابل ہم

نہوتا یار کا جلوہ نمایاں اس طرف ہرگز
نہوتے گر وجوب و ممتنع میں حدّ فاصل ہم

پہاڑوں میں جو جلوہ ہے وہی جلوہ ہے تنکوں میں
امانت اُسکی ہر صورت میں ہر صورت کے حامل ہم

نکل کر پردے سے باہر جو آیا نام بھی بدلا
خدا ہے رازؔ جس کو کہتے ہیں انسان کامل ہم

غزل

در شان حضرت سلطان المجاذیب منشی سیدنا سید اسمٰعیل شاہ صوفی صاحب قبلہ و کعبہ قدس سرہ العزیز

مرشد ہو یا رسولؐ خدا یا خدا ہو تم
للّٰلہ مجھکو اتنا بتا دو کہ کیا ہو تم

صدیقؓ ہو عمرؓ ہو کہ عثمانؓ ذی حیا
شیر خدائے حیدرؓ مشکلکشا ہو تم

ہر گل سے بو تمھاری مہکتی چمن میں ہے
ہر غنچہ کی چٹخ سے نکلتی صدا ہو تم

میں نے جو تم کو سجدہ کیا کیا یہ کفر ہے
آئینۂ جمال رخ کبریا ہو تم

منشیؔ کنفکان قلم عقل لوح نفس
تفصیل علم نقطۂ اجمال با ہو تم

آنکھوں میں سبکی رہ کے پھر آتے نظر نہیں
مسند نشین غیب ہو معنیٔ ہا ہو تم

مشت غبار رازؔ کو اکسیر کر دیا
بندہ یہ بس تمھارا ہے اسکے خدا ہو تم



غزل
ردیف (ن)

ہم سے تم اور تم سے ہم جب ہم نہین تو تم نہین
برہمن ہون تو صنم جب ہم نہین تو تم نہین

ہم اگر تم سے بنے پر تم بھی کچھ ہم سے ہوئے
بزم آرا ہم ہین ہم جب ہم نہین تو تم نہین

صید ہو تو دام ہے۔ ہم سے بنے ہین تابدار
کاکلِ پر پیچ و خم جب ہم نہیں تو تم نہین

تم مسیحا بن کے رہجاتے تو اگر ہوتا نہین
یہ دلِ بیمار غم جب ہم نہین تو تم نہین

تم نے ہم مین خود کو دیکھا ہم نے ہمکو آپ مین
آئینے دونون بہم جب ہم نہین تو تم نہین

جب نہ ہم محتاج تھے تم بھی نہ تھے حاجت روا
ہم سے ہے جود و کرم جب ہم نہین تو تم نہین

شانِ ستّاری کہان تھی شانِ غفّاری کہان
ہم سے ہے دونون کا دم جب ہم نہین تو تم نہین

رات دن گرماتے رہتے ہین ترا بازارِ حسن
آہ سرد اور چشمِ نم جب ہم نہین تو تم نہین

راز ہے تو فاش ہے اور فاش ہے تو راز ہے
تن سے جانِ محترم جب ہم نہین تو تم نہین



غزل

مرے دلمیں ہزاروں لہلہاتے باغ رضوان ہین
مثالِ بلبلِ سدرہ ہزاروں نغمہ سنجان ہین

تجھی کو دیکھتی آنکھیں تجھی کو چاہتا دل ہے
کہ ہر ذرّے کی صورت مین ترے جلوے نمایاں ہین

تپش مہرِ فلک کی سارے عالم کو جلاتی ہے
مرے دلمیں تو ایسے سیکڑوں خورشید تابان ہین

جسے مین دور سے دیکھوں یقین تیرا ہی ہوتا ہے
مری آنکھیں تری تلاش مین کیسی پریشان ہین

تو سیدھی راہ پر اور سب کی چوٹی ہاتھ مین تیرے
تو بے رہ کون ہے جب سب تری رہ پر قدم زن ہین


بنی خورشید دانش سے چکا چوند آنکھ ہر دل کی
سراپا علم و دانش ہین مگر دانش سے نادان ہین

بڑی منّت سے مہماں بن کے آئے رات میرے گھر
کھلا یہ راز ہمپر صبح مین ہم اپنے مہمان ہین

غزل

کہین دوست بنکر کے خود پر ہون قربان — کہین آپ اپنا ہون مَین دشمنِ جان
کہین دُرِّ یکتا کہین ہون خزف مَین — کہین ہون مَین قطرۂ کہین بحرِ عمّان
کہین ہون یہودی کہین ہون نصاری — کہین ہون مجوسی کہین ہون مُسلمان
کہین مقبلون مین کہین منکرون مین — کہین مرتدون میں کہین اہل ایمان
کلیسا کہین ہون مَین کعبہ کہین ہون — کہین برہمن ہون کہین شیخ ایمان
نہ کاوش کسی سے نہ الفت کسی سے — مَین خود درد ہون اور خود آپ درمان
نہ محتاج ہون مین نہ حاجت روا ہون — کسی کا نہ طالب کسی کا نہ خواہان
مکین ہون مکان ہون کہین ہون کہان ہون — یقین ہون گمان ہون ہون دانش میں نادان
یہ سب میرے مذہب یہ سب میرے مشرب — چہ تسبیح گردان چہ زنار بندان
غرض آئینہ ہون دکھاتا وہی ہون — جو صورت تو لیکر کے آئے گلے جان

یہ سب کچھ ہون مَین راز پھر کچھ نہیں ہون
طلسمی ہون بستی حقیقت میں ویران



غزل

اپنے دریا کا اک حباب ہون مین
نقطہ صورت ہون پر کتاب ہون مین

میری صورت ہے صورتِ جانان
پردۂ روئے آفتاب ہون مین

ہون نہین پر دکھائی دیتا ہون
درحقیقت فقط سراب ہون مین

مین عدو ہون شمار عالم کا
بے حساب اور باحساب ہون مین

جام و دل مین شراب اپنی ہون
اپنی آتش سے خود کباب ہون مین

کعبے مین مین خدائے کعبہ ہون
میکدے مین خمِ شراب ہون مین

خود گدائے ذلیل و خوار اور خود
ذوالکرم عالی الجناب ہون مین

اپنی اُمید و خوف اپنا ہون
خود عتاب اور خود خطاب ہون مین

خود بشیر اور نذیر اپنا ہون
خود عذاب اور خود ثواب ہون مین

مجھ مین عالم ہے مین ہون عالم مین
بے حجاب اور باحجاب ہون مین

سُرمہ دیدۂ بصیرت ہون
خاک پائے ابوترابؓ ہون مین

راز پوشیدہ فاش ہو کر ہون
سات پردون مین بے نقاب ہون مین

غزل

میں ہوں اوّل میں ہوں آخر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں
میں ہوں باطن میں ہوں ظاہر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

جو کچھ تھا سو میں تھا جو کچھ ہے سو میں ہوں جو ہو سو میں
خواجہ کاکی شیخ و صابر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

یا انا میں ہوں انت میں میں ہوں ہُو ہُو ہُو ہُو میں میں
ہر جا ہر سو حاضر ناظر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

ستارٌ غفارٌ جبارٌ قہارٌ ربٌّ وہاب
حنانٌ منانٌ قادر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

انت الہادی انت الحق لیس الہادی الا ہُو ہُو
فکر و شغل و ذکر و ذاکر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

اوپر نیچے اندر باہر دائیں بائیں آگے پیچھے
جانِ پنہاں جسمِ ظاہر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

نورِ ازلی سرِّ ابدی رازِ غیبی کنزِ مخفی
یعنے ظاہر مظہر مظہر میں ہوں میں ہوں میں ہوں میں ہوں

غزل

نہ مَیں در کا ہوں نہ مَیں گھر کا ہوں نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں
مَیں جو ہوں تو بولوں کدھر کا ہوں نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں

نہ وجود کی ہوں کتاب میں نہ عدم کے ہوں مَیں حساب میں
نہ سوال میں نہ جواب میں نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں

نہ تو بندگی میں مَیں بند ہوں نہ خُدا ہی بَن کے انند ہوں
نہ شکار ہوں نہ کمند ہوں نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں

مَیں جو بندہ ہوں تو ہو رب کوئی ہوں خُدا تو پوجیں گے سب کوئی
مَیں نہ ہوں تو کیا کرے اب کوئی نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں

بُرے کام ہیں تو ہوں دوزخی بھلے کام ہیں تو ہوں جنّتی
مَیں جو ہوں نہیں تو بلا ٹلی نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں

نہ مَیں فاش ہوں نہ مَیں راز ہوں نہ مَیں سوز ہوں نہ مَیں ساز ہوں
نہ مَیں ناز ہوں نہ نیاز ہوں نہ اِدھر کا ہوں نہ اُدھر کا ہوں



غزل

دل کو مانگا دل دیا مجھکو نہ تھا اسکا گمان
دل کو لیکر کہتے ہین دلمین نہ تھی کیا تیری جان

مختصر سی تھی طلب مڑکر ادھر پھر پھر گئے
تیر تازہ کھینچکر پھر پھینکدی اُسنے کمان

تھک کے آئے ہین سفر سے اے فرشتو دم تو لو
گھر ابھی کچھ دور ہے منزل ہین کھالی تنہے جان

ہون اچھوتا ہاتھ سے چھونا نہین بس دور دور
خود مجھے وہ جانتے ہین جس کا مین ہون مہمان

ٹھوکرین کھا کھا کے اب ہم تیرے در پر آگئے
حُسن کا صدقہ ملے کچھ مہمان کا مان پان

وحشتِ مجنون کا جادو سر پہ لیلیٰ کے چڑھا
اے جنون کیا بات ہے اللہ اکبر تیری شان

رازؔ کو کل کی نظر سے آج تم مت دیکھنا
آج کچھ سے کچھ بنے ہین ہے نرالی آن بان

غزل

ہائے جس آواز پر مرتا تھا دل جاتی تھی جان
میرے دل کا نغمہ تھا گنبد کا تھا جادو بیان

دل کی بیتی ہو کتا ہو کیا کہانی قیس کی
بس کرو اُکتا گیا دل سنتے سنتے داستان

سایہ شبنم سے کہا لو وقت ہے لوٹو بہار
تابشِ خورشید مین پھر تم کہان اور ہم کہان

تو نے اپنی روح پھونکی قالبِ انسان مین
نغمہ زن اس پردے مین پھر کون ہے اے میری جان

جادو بنکر چشمِ یوسف مین کری جادو گری
دیدۂ تر مین زلیخا کے بنا خونِ روان

مین نہ ہوتا تو تجھے پہچانتا تھا کوئی بھی
بندگی میری تجھے بخشی خداوندی کی شان

ننگ و عزت بہ گئے آنکھون سے میری بنکے خون
پھونک ڈالا آتشِ دل نے خرد کا خاندان

طور سے کچھ کہدیا تھا جل کے خاکستر بنا
راز دل ہی دل مین رہنا ہین کہان تابِ و توان

غزل

مجھے زیر پردہ گمان یہ تھا مین نیاز مین ہون وہ ناز مین
جو اُٹھا نقاب یقین ہوا مین ہون ناز مین وہ نیاز مین

ہین مثال حضرت موسے عشق وہ جو تھے زبور کے نغمہ کش
جو بھجن خدا کا کسی نے گایا سریلی صوت حجاز مین

جو تڑپتا تن ہو بخاک و خون تو پھڑکتا سر بھی ہے نیزے پر
ہو بآب تشنہ گلو وضو یہہ ہے شرط میری نماز مین

کیا جب کہ میرے کفن کو چاک تو فرشتہ ہو گیا خوفناک
کہ سوال کس سے کرون یہان نہین فرق شاہ و ایاز مین

وہ ہون اور مین ہون تو دو ہوے پھر اکائی کا وہ مزہ کہان
وہ ہی وہ رہین یہہ ہے آرزو جو پڑا ہون سوز و گداز مین

ہے کہان وہ عقل کا زور شور ہے کہان وہ عزت و آبرو
شہ عشق جلوہ فروش ہے پھنسی چڑیا پنجۂ باز مین

جو عیان ہے عین نہان ہے وہ جو نہان ہے عین عیان ہے وہ
وہ جو فاش کون و مکان مین ہے سو وہی ہے پردۂ راز مین

غزل

چین سے سوتا پڑا تھا جو ہوا بیدار مین
ہوگیا بدنام اور رسوا سر بازار مین

روبرو آئینہ تھا اسکی خبر مطلق نہ تھی
مر رہا تھا اپنی صورت پر بجان زار مین

میرے جلوے گرچہ ہین ناسوت سے لاہوت تک
بادۂ وحدت سے کثرت مین بھی ہون سرشار مین

دیر و کعبہ کے کرشمے گر بدل جاتے ہم
باندھتا زنار شیخ اور توڑتا زنار مین

سامنے ہم دو کے دو رکھے قضا نے سجدہ گاہ
شیخ نے محراب مانگی ابروے خمدار مین

دوبدو دو آئینے حیران ہون کیا ہو فیصلہ
یار میرا عکس رو یا عکس روے یار مین

جب نہین ہے غیر کوئی راز کیا اور فاش کیا
بادہ و جام و سبو مین ساقی و میخوار مین



غزل

بُرا کس کو مانون بھلا کس کو جانون
یہ سب روپ میرے مین بہروپیا ہون

فرشتون کی چاہت ہے قدوسیت سے
تو شانِ غفوری سے مجرم کو چاہون

ہون ہر رنگ مین رنگ لیکر کے بیرنگ
مین ہون وہ چیا مین ہون باشان بیچون

مین دوزخ مین جاؤن تو ہون کسکا قیدی
مین جنت مین جاؤن تو ہون کسکا ممنون

تقید جہنم ہے اطلاق جنت
کبھی اس مین آؤن کبھی اُسمین جاؤن

جو پردہ اُٹھا تو ہوا صاف ظاہر
ہے لیلیِ محمل نشین عین مجنون

نہین غیر میرا دو عالم مین موجود
تو پھر فاش ہے کون مین راز کیا ہون



غزل

عدو کس کو جانون کسے دوست مانون ... مین ہر رنگ مین آپ جلوہ فزا ہون
کہین دلبرون مین کہین دلدہون مین ... کہین ہون مین مفتون کہین فتنہ زا ہون
اگر تیغ ابرو کی جنبش دکھاؤن ... فرشتون کی محفل کو بسمل بنادون
مرے جام مے کا ہے اک قطرہ دریا ... دو عالم کا قطرہ مین مین ہوش اڑادون
مین مخمور جب تک ہون عالم کی ہے خیر ... جو ہوش آیا پھر ہو کا میدان دکھادون
مسیحا دمی سے اگر کام لیون ... تو قبرون مین جتنے ہین مردے جلادون

تھا اپنی ہی صورت کا بندہ خیالی
جو ٹوٹا یہہ آئینہ راز اب خدا ہون



غزل

بنون بندہ تو کافر شرک گر بولون خدا مین ہون
تحیّر مین گھِرا مین ہون مصیبت مین پڑا مین ہون

نہ مومن مجھکو لیتے ہین نہ کافر مجھکو لیتے ہین
عجب یہ ہے کہ مجھکو بھی نہین معلوم کیا مین ہون

پڑے سے تھے شہر ناپرسان مین سارے سفلی وعلوی
بتائی مینے اُن کو رہ ادھر کی مقتدا مین ہون

جنازہ آگے ہو کر ساتھیون سے اپنے کہتا ہے
چلے آؤ میرے پیچھے تمھارا رہنما مین ہون

ہوس دم مین بہتے کے پڑا سُنتا نہین دل کی
کہ ہر ہر سانس سے کہتا ہے غافل کیمیا مین ہون

بنانے والا میرا جان و دل سے مجھپہ شیدا ہے
نہ سمجھو خاک کا پُتلا جمالِ کبریا مین ہون

نہ سمجھا ہے تو سمجھا راز سمجھا تو نہین سمجھا
نہ ہو جو حل وہ مشکل ہو کے خود مشکلکشا مین ہون

غزل

یہ عقدہ حل نہین ہوتا مدد مولا ہون مشکل مین
کہ دل ہے اُنکی مٹھی مین وہ رہتے ہین اسی دل مین

مین اُس رہرو کے قربان جو کہ گھر مین رات بھر سوکر
فجر کو جا کے پہونچا کاروان سے پہلے منزل مین

یہ بازی ہمنے سیکھی ہے کھلاڑی عشق کے ہم ہین
یہ کھیلا کھیل کیون تم نے گرے کیون چاہِ بابل مین

جلا کر اُس نے میری راکھ اُڑا دی ہے تو کیا حاصل
ذرا تم غور سے پُتلی کو دیکھو چشم قاتل مین

ادھر ہے ساز کی صورت اُدھر ہے سوز کی صورت
گلون مین ناز بنکر ہین نیازش ہین عنادل مین

بھرا ہے علم سے ہر دل مگر چاہیئے علم علم
حقیقت مین یہی ہے فرق ناقص اور کامل مین

لپیٹے آئے تھے چادر بشر کے شکل کی لیکن
ہوا یہہ راز آخر فاش تفسیر مزمل مین



غزل

زمین مین آسمان مین عرش پر کعبہ مین مندر مین
عبث تالاش تھی چھپکر وہ بیٹھے تھے مرے گھر مین

بھنور مین پڑ کے ڈوبے یا لگے جا کر کنارے پر
اُسی کا نام لیکر ڈالدی کشتی سمندر مین

وہ روشن چہرہ دیکھا ہے کسی کا جسکی تابش ہے
نہ اس ماہِ منوّر مین نہ اس خورشید خاور میں

گنہگارو نہ گھبراؤ ادھر آؤ ذرا رولو
جہنم کو بجھا دے وہ اثر ہے دیدۂ تر مین

اِدھر دل ہے اُدھر آئینہ حیران ہون کہ دونون مین
ہے اِک صورت نہین ہے فرق کچھ مین اسکے دلبر مین

وہ بے چینی وہ بے تابی کہ دم بھر بھی نہ تھا آرام
ملا آرام اب ہم کو نہ دلبر ہے نہ دل بر مین

جو پی کر پھر کبھی پیاسا نہ ہونا کیا مگر اے رازؔ
کسی خنجر کا پانی پڑ گیا ہے حوضِ کوثر مین

غزل

دردنے دل سے کہا درماں ہوں مَیں — ہمرکابِ ناوکِ جاناں ہوں مَیں
پھونک ڈالوں دم میں ساری کائنات — شعلہ ہائے آتشِ سوزاں ہوں مَیں
پھر کبھی پیاسا نہ ہوگا اے گلو — لے زلالِ خنجرِ براں ہوں مَیں
مَیں ہوں مسجودِ ملائک بے گماں — قبلۂ جاں کعبۂ ایماں ہوں مَیں
نازِ ادھر ہوں اور اُدھر ہوں مَیں نیاز — بلبلِ نالاں گلِ خنداں ہوں مَیں
علم ہے آئینۂ حسن و جمال — اُس کا پرتو صورتِ رحمٰں ہوں مَیں

مردمِ چشمِ خدا اے ذوالجلال
رازؔ یعنے حضرتِ انساں ہوں مَیں



غزل

ملا ہون جو خود سے تو سب سے ملا ہون
جُدا ہون جو خود سے تو سب سے جُدا ہون

یگانہ ہون سب سے مین بیگانہ بنکر
شناسا ہون سب سے جو ناآشنا ہون

یہ سب مین ہی مین ہون نہین غیر کوئی
مین اپنا ہی بندہ ہون اپنا خدا ہون

نہ آیا نہ جاتا نہ فانی نہ باقی
مکان و زمان سے ورا الورا ہون

جو تھا سو وہی ہون جو ہون سو رہونگا
نہ جانا تو کیا تھا جو جانا تو کیا ہون

نہین مجھکو حاجت مسیحا کے دم کی
مین اپنا ہی درد اور اپنی دوا ہون

خفا خود سے تو ہے یہ تیری ہے صورت
مین آئینہ بنکر ترا روبرو ہون

ثنا ہو کہ شکوہ مرا جلوہ ہے راز
بھلا ہون تو مین ہی ہون مین ہی برا ہون



غزل

ردیف (و)

سالہا بال خیالی نے اُڑایا مجھکو ۔ پر قدمگاہ ازل سے نہ ہٹایا مجھکو
جہل سے مانا گریا تھا گڑھے مین لیکن ۔ علم نے آکے وہ کیا خاک اُٹھایا مجھکو
پارسائی مین بڑھا مین نہ تو رندی مین گھٹا ۔ یار نے جیسا بنایا وہی پایا مجھکو
ایک پتلا ہون طلسمی کہ نہین ہون ہون بھی ۔ کس نے پایا ہے جسے کس نے نہ پایا مجھکو
چمنستان رخ یار کا اک غنچہ تھا مین ۔ عشق کی باد بہاری نے کھلایا مجھکو
کنج خلوت مین بڑے چین سے تھا مین افسوس ۔ شوق کثرت نے کہان کھینچ کے لایا مجھکو

حُسن کا شہرہ اُدھر عشق کا غوغا ہے ادھر
ہون اگر راز تو کیا کس نے چھپایا مجھکو



غزل

دل مین میرے بیٹھ کر کرتا ہے جو تو گفتگو
کون ہے گھر سے نکل باہر تو آ رو برو

آپ اپنا دلربا ہون آپ اپنا شیفتہ
وہ زمانہ جاچکا جب تھی کسی کی آرزو

ہمکلامی طور کی تم کو مبارک ہم تو بس
گھر مین اپنے بیٹھ کر کرتے ہین خود سے گفتگو

قتل جو شمشیر اعدا سے ہوا ہے ہے شہید
پر قتیلِ تیغ ابرو کی بڑی ہے آبرو

چند دن لینے کے تھے اور چند دن دینے کے تھے
لینا دینا اب کہان کھو بیٹھے اپنے آپ کو

پشت در رخ کے فیصلے مین سخت ترحیران ہون
ایک ہی جلوہ نظر مین آر ہا ہے چارسو

قبر مین زیرِ کفن کل چاند تھا یا آفتاب
رازؔ کی صورت تمھاری بنگئی تھی ہو بہو

غزل

چپ ہو کیون چاہئے کیا کھولو زبان بولو تو
یہ ہے دل یہ ہے جگر یہ مری جان بولو تو

یا نبی آپ نہ ہون تو ہے ہمارا پھر کون
چھوڑ کر آپ کو ہم جائین کہان بولو تو

آنکھ سے نے تم کو نہ دیکھا تو وہ پھر آنکھ نہین
گفتگو تم سے نہو کیا وہ زبان بولو تو

سارے خوبان جہان تیری ملاحت پہ بکے
بے نمک پھیکے نہین نعمتِ خوان بولو تو

تیرے جادو کو میان جان چکے ہم سر طور
کسکے آنکھون کی تھی بجلی مری جان بولو تو

کون ہے کس کا جنازہ ہے تڑپتے کیون ہو
آج ہے کیا یہ ہین کیون اشک روان بولو تو

من رءانی بھی کہا عرش برین پر بھی گئے
کس سے کی بات کسے دیکھا وہان بولو تو

جو کی روٹی سے بھرا پیٹ تمھارا نہ کبھی
پھر بنے کسکے لئے دونون جہان بولو تو

ضبط سے دل تو پگل جا کے بہا آنکھون سے
راز دان ہو تو زبان کھولون کہان بولو تو



غزل

عرض کی قفل در لعل دہان کھولو تو | کہتے ہین تم بھی ذرا اشک روان رولو تو
دشت وحشت مین کہا دل نے بیاد مجنون | ٹھنڈے دل بیٹھ کے کچھ دیر یہان رولو تو
بارور ہو کہ نہو اُن کی رضا پر چھوڑ دو | بیٹھی کیا ہے یہ زمین تخم میان بو لو تو
نہ تلی ساری جہان اُنکے برابر لیکن | لو اِنہین اور اُنہین با دو جہان تولو تو
مجھکو ملنے کی تھی جلدی تو فرشتون نے کہا | ہو تھکے کچھ تو یہ دفع تکان سو لو تو
رشک کیون آؤ چلو میری طرح میدان مین | اشک خونبار سے مُنہ حور جنان دھو لو تو

ہم دکھاتے ہین تماشہ وہ ہین شیدا کہ نہین
راز تم اُنکے عیان اور نہان ہو لو تو



غزل

نہین تجھ پر ترا قابو تو قابو غیر پر کیا ہو　　نہین تجھ پر اثر تیرا تو غیرون پر اثر کیا ہو
تصدق دل جگر قربان جان صدقے نذر ہے سر　　فقط دل آپ لے لین تو جگر اور جان و سر کیا ہو
مین اُنکا مال اُنکا جان اُنکی دل جگر اُنکا　　وہ آئینگے تو یارب رونما کیا ہو نذر کیا ہو
ترے زلفون کے پیچون مین گھرا خورشید عالم ہے　　نکلنا ہے محال اُسکا الٰہی اب سحر کیا ہو
بتاؤن کیا گیا کیا تھا کیا ہوا اور کس طرح کھویا　　وہ آنکھون سے چُرا لیجاتے ہین دل کو خبر کیا ہو
لطافت اُنکی ایسی ہے کہ خود اُنکا پتہ مشکل　　یہ کہتے ہین کہ مضمونِ دہن کیا ہو کمر کیا ہو

یہ مانا خواب کے مجرم کو ملتی خواب مین پاداش
مگر بیدار ہو تو رازؔ جرمِ خواب پر کیا ہو



غزل
ردیف (ہ)

خیر اس مین ہے کہ میرے روبرو آئین نہ وہ
خوف ہے مجھکو کہین غش کھا کے گر جائین نہ وہ

ہون مریض عشق لیکن ہے یہ میری آرزو
وہ مسیحا بنکے آئین اور مجھے پائین نہ وہ

وہ سلامت سر سلامت وعدہ ایفا ہو نہ ہو
میری خاطر سے کبھی سر کی قسم کھائین نہ وہ

گر مجھے وہ میٹتے ہین میٹ دین پر سوچ لین
اس چمن سے ہُو کے میدان مین نکل جائین نہ وہ

گُل کھلے ہین زخم کے سینے مین میرے سیکڑون
ہان او آہِ گرم تھم کر چل کہ مُرجھائین نہ وہ

سُن کے آنکھون کی تمنا اُس نے قاصد سے کہا
میرے گھر مین ساتھ اپنے غیر کو لائین نہ وہ

راز فاشی پر مری ہے قتل کا فتویٰ درست
پر ہے خوف اس کا کہ بعدِ قتل پچتائین نہ وہ

غزل
ردیف (ے)

مَین عدم ہون اور ازل سے بد مین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے
ترے جود کی تو نہیں ہے حد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مَین اگر گناہ کیا تو کیا یہہ تو کوئی بات نئی نہیں
مرے بخشنے مین نہ کر تو کد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مَین خراب و خستہ ازل سے ہون تو لطیف و پاک ازل سے ہے
یہی رنگ دونون کا تا ابد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مَین گناہگار خسیس ہون تو غفور اور کریم ہے
مجھے اپنے در سے دکر تو رد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مَین اگر گنہ نہ کرون تو پھر تجھے یا غفور پکارے کون
یہہ مری نجات کی ہے سند مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

نہ مَین اپنی رہ سے نکل گیا نہ تو اپنی خو سے بدل گیا
جو ہو قطع سلسلۂ مدد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مجھے بود ہے نہ نمود ہے نہ وجود ہے نہ شہود ہے
یہ نمود و بود ترا ہے خود مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

مَین تو نیست راز ہی راز ہون تو تو ہست فاش ہی فاش ہے
مَین جو ہون تو ہو مرا نیک و بد مَین جو ہون سو ہون تو جو ہے سو ہے

غزل

که در عرس شریف حضرت مرزا صاحب علیہ الرحمۃ بر خواجہ پہاڑی گفتہ شدہ

یہہ خواجہ پہاڑی ہے سینا نہین ہے
محمدؐ کا جلوہ ہے موسیٰ نہین ہے

یہان حسن مرزا کی سوداگری ہے
یہان نقد سودا ہے نسیا نہین ہے

یہان حق ہی حق ہے نہین غیر کوئی
مقابل نہین ہے تو دعویٰ نہین ہے

برہنہ ہون مین اور برہنہ رہو ننگا
مری شان کا کوئی جامہ نہین ہے

پلائی ہے ساقی نے اس بن کی تاڑی
یہان کون ہے جو نشیلا نہین ہے

گر شب پرون مین نکل جاے خورشید
تو کیا ہو خبر کوئی بیسنا نہین ہے

یہان راز وحدت کی سوداگری ہے
سوا اسکے اور کوئی سودا نہین ہے



غزل

ترے جود و کرم کا آئینہ میری گدائی ہے
رعیت سے شہنشاہی ہے بندون سے خدائی ہے

اُدھر سے گرم شعلون کی لپٹ محسوس ہوتی ہے
مگر کچھ آگ بھڑکی ہے یہ آہون کی رسائی ہے

بہت دریا مین غوطے کھا کے نکلا خشک اس مین
مگر وہ ساتھ تھا ہر دم یہ میری پارسائی ہے

مرے دستِ نیازش نے اُٹھایا ناز کا گھونگٹ
مرے حاجت کے پھندے مین تری حاجت روائی ہے

نظر مین دل ہے قطرہ پر حقیقت مین وہ دریا ہے
کہ ہر قطرے مین جسکے ہفت دریا کی سمائی ہے

نہ چھوڑا شعلۂ رخ نے پھونک ڈالا خانۂ تقوی
بہت چیخا خدارا عمر بھر کی یہ کمائی ہے

پیام آتے تھے لیکن رازؔ مین تھی گفتگو ساری
چلی ہون بن کے دولہن آج میری رونمائی ہے

غزل

مَین آدم کی صورت مین بُت بنکر آئی
پھر اُس بُت کے سر پر مین ماری کلہاڑی

مین تارِ نقطہ کی بنا کر کے جاروب
دو عالم کے کچرے کو دل پر سے جھاڑی

بناتی بنجاتی مٹا دیتی پھر ہون
دو عالم کے پُتلے مین وہ ہون کھلاڑی

مَین جو ہون سو ہون اور یون ہی رہونگی
نہ آئی نہ جاتی نہ پھوڑی نہ پھاڑی

چلو رآز بھاگو یہہ میدان وہ ہے
جہان وہمی ہستی کی ٹوٹے ہے گاڑی



غزل

رات دن پینا ہی میرا کام ہے — اس پہ بھی لبریز میرا جام ہے
یہ خدا جانے کہ ہے کیسی شراب — مے ہی سے بیتا تا مے آشام ہے
ہوں سراپا عینِ ذاتِ آفتاب — صبح کیسی اور کہاں کی شام ہے
گھر مرا بتخانہ خمخانہ ہے بزم — بادہ مستی چشم ساقی جام ہے
کعبۂ مقصود گرچہ دور ہے — عاشقوں کے واسطے یک گام ہے
ہیں ہزار اُس کے پتے پھر بے پتا — ہیں ہزاروں نام پھر گمنام ہے

عاشقوں کا یہ عجب مذہب ہے رازؔ
کفر ایمان ارتداد اسلام ہے



غزل

بے خبر مجنوں ہے میرے دشت وحشت زار سے
دُھن میں لیلیٰ کے وہ وحشی مجھکو وحشت یار سے

درد کی لذت سے واقف جو نہو سہنے پہ مذاق
بُلبُل بے ذوق لذت مثل گُل لے خار سے

یار کو لیکر بغل میں زاہدا بے چین ہوں
تو تو خوش ہے ٹھنڈے ٹھنڈے سایۂ دیوار سے

اس مریضِ عشق کی کب زیست کی اُمید ہے
جب مرض بڑھتا چلا ہے شربتِ دیدار سے

نبض دیکھی اور جگر دیکھا دوا تجویز کی
پر طبیبوں نے نہ پوچھا حال دلِ بیمار سے

اہل عالم میں نہیں جب کوئی میرا رازدان
دار پر چڑھکر کہونگا راز اپنا دار سے

دل بھی ہے آنکھیں بھی ہیں بے پردہ وہ دلبر بھی ہے
رازؔ کیا ممکن ہے بچنا عشق کے آزار سے

غزل

بند ترے خنجر کی قاتل ٹھیک دلپر چاہئے
کشتگانِ ناز کو خنجر پہ خنجر چاہئے

عاشقون کے واسطے جانان ترے دربار مین
روے زرد اور آہ سرد اور دیدۂ تر چاہئے

ذرّہ ذرّہ ہمصدا جس کا ہو حق کا نعرہ ہے
دار چڑھنے کے لئے منصور کا سر چاہئے

دل کی قوّت سے تو انسان فوق عرش اُڑنے لگا
زیر سدرہ تجھکو اے روح الامین پر چاہئے

عرش تھا کعبہ تھا بیت القدس اور ویران دل
دل کو جو دیکھا کہا بس ہم کو یہ گھر چاہئے

ہے ترے جور و جفا کی حد بھی آخر تا کجے
کچھ کرم بندون پہ اپنے بندہ پرور چاہئے

دین و دُنیا ننگ و عزّت جان و دل سے درگذر
راز جانان سے ہم آغوشی تجھے گر چاہئے

غزل

مرا دل لیکے پھر کہتے ہو کس نے مار لی بازی
تری آنکھون کی رعنائی ترے ابرو کی طنازی

وہ قرآن یہ رُخِ جانان مفسر دو کے ہم دوین
صلے مین ہو نہ کیونکر امتیاز اسے فخر دین رازی

شہیدِ ناز کا مرقد دلِ قاتل مین ہوتا ہے
زمین پر ڈھونڈھتے کیا ہو مزارِ حیدرِ غازی

سمرقند اور بخارا رونما ہے خال کا جن کے
تصدق تجھپہ ہین ایسے ہزارون ترک شیرازی

تری شطرنج کی چالین بڑی پُر پیچ و نازک تھیں
مگر سولی پہ چڑھکر جیت لی منصور نے بازی

چھپا کر گرچہ پہلو مین رکھا تھا مَین نے اپنا دل
نشانِ دل پہ ماری تیر اُف رے قادر اندازی

نہ ہوتا راز تیرا افاش اور ہوتا نہ مَین رسوا
نہ کرتے گر یہہ میرے اشک خون آلود غمازی